ایوان صنعت و تجارت مردان
MARDAN DIVISION

# Mardan Chamber of Commerce & Industry

Company Registered Vide no 0049066(GCN2616) Under Section 32 of The Companies Ordinance 1984 (XLVII of 1984)
AFFILIATED WITH FEDERATION OF PAKISTAN CHAMBERS OF COMMERCE & INDSTRY

## مردان چیمبر آف کامرس اینڈانڈسٹری کے اعراض اور مقاصد

چیمبرز ہماری معیشت کے بہت سے حصوں میں تجارت وصنعت کی ترقی کے ذریعے قومی ومعاشی ترقی میں موثر کردارادا کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ الحمداللہ ضلع مردان کو بھی یہ اعزاز حاصل ہے کہ پورے پاکستان میں جہاں کل (55) چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کام کررہے ہیں وہاں مردان کا نام بھی چیمبرز کی فہرست میں جانا جاتا ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں اس وقت (11) چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کام کررہے ہیں۔ مردان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاروبار اور لوگوں کے درمیان دوجہتی رابطے کے ذریعہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ متعلقہ حکام سے مستقل رابطے کو برقرار رکھنے کے ذریعے منصوبہ بندی کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مردان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اپنے ممبران کو وسیع اقسام کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ تمام بڑے شہروں اور صنعتی حلقوں میں صنعتکاروں نے چیمبر آف کامرس وانڈسٹری کو ایک مربوط نظام قائم کررکھا ہے۔

چیمبر عام طور پر ایگزیکٹیو کمیٹی پر مشتمل ہوتا ہے جس کی سربراہی صدر، سینئر نائب صدر یا نائب صدر اختیار دیئے ہوئے کے طور پر کرتے ہیں۔ ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبران 2 سال کے لئے سالانہ انتخابات کے ذریعے منتخب کئے جاتے ہیں تاکہ وہ کاروباری حلقوں کی بہتری کے لیے کام کریں۔ روزمرہ کے معمول کی تنظیم اور کام کی دیکھ بھال ایک کل وقتی ایگزیکٹیو سربراہ جو کہ "سیکرٹری جنرل" کہلاتا ہے کے ذریعے کی جاتی ہے جس کی معاونت ایک مکمل تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ عملہ کرتا ہے۔

## چیمبر کے مقاصد

مردان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مندرجہ ذیل مقاصد ہیں۔

- ☆ پاکستان اور خاص طور پر ضلع مردان کے معاشی مفاد کو اجاگر کرنا، اس کی مدد، ترقی، تحریک اور حفاظت کرنا اور خاص طور پر ان کی جو صنعت، زراعت، کامرس، تجارت، بینکنگ اور بیمہ داری سے منسلک ہوں۔
- ☆ تجارت، صنعت، زراعت، پیداوار اور کامرس سے منسلکہ تمام عوامل پر نظر رکھنا اور ان سے متعلق ضروری اقدامات کو نئے سرے سے شروع کرنا یا پہلے سے موجودہ اقدامات کو سہارا (Support) دینا۔
- ☆ اس قانون یا کوئی اور حکومتی اقدام پر عمل کرنا، قائم رہنا یا اس کی مخالفت کرنا جو کہ کاروباری افراد یا صنعت کاروں کے معاشی مفاد اثر انداز ہوتا ہے۔
- ☆ چیمبر کے ممبران کے درمیان تنازعات کو حل کرنا۔
- ☆ کاروباری افراد اور صنعت کاروں کے کاروباری صنعتی، زراعتی اور مالی مفادات سے متعلق شماریات اور دوسری معلومات اکٹھی کرنا اور پھیلانا۔
- ☆ پارٹیوں کے درمیان ایسے تنازعات کو حل کرنا جو کاروباری معاملات سے متعلقہ ہوں اور جو اپنی متفقہ رائے سے چیمبر کے تصفیہ اور فیصلہ کو تسلیم کرنے پر رضامند ہوں۔

☆ مشق کا ایسا نظام رائج کرنا جس کے ذریعے کاروباری معاملات کو آسان فہم بنایا اور چلایا جا سکے اور چیمبر کے افسران کیلئے ایسے قوانین، اصول اور ضابطے تشکیل دینا کہ وہ چیمبر کے مختلف مقاصد کو سرانجام دے سکے۔

☆ دوسرے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور عام لوگوں سے خواہ وہ پاکستان میں ہوں یا باہر کی دنیا میں رابطہ رکھنا اور تجارت، کامرس، پیداوار اور ایسے مزدور جوان علاقوں میں کام کرتے ہوں کی حفاظت کیلئے اقدامات کو فروغ دینا اور باہمی مشکلات کو ختم کرنا۔

☆ پاکستان کی فیڈریشن برائے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو چندہ دینا یا اس کی رکنیت لینا اور اعانت کرنا اور تجارت وصنعت کی ہر ایسوسی ایشن اور چیمبر سے رابطہ رکھنا۔

☆ اندرون و بیرون ملک سرمایہ کاری کو فروغ دینا۔

## طریقہ کار برائے رجسٹریشن اور رکنیت کا مقصد:

1) کوئی بھی ایسی فرم یا کمپنی جو عالمی مارکیٹ میں داخلے کی متمنی ہو، اسے درآمد/برآمدی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ جو ایکسپورٹ پروموشن بیورو کا جاری کردہ ہو کی ضرورت ہوتی ہے اور مندرجہ بالا سرٹیفیکیٹ کے اجراء کے لئے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

## رکنیت کے لئے اہلیت:

2) کوئی بھی کاروبار سے متعلقہ خواہ ملکیت داری، شراکت داری یا کوئی کمپنی ہو، چیمبر کسی بھی ڈویژن میں رکنیت کی اہل ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اُس کا ہیڈ آفس "رجسٹریشن آفس" برانچ آفس یا پیداواری پلانٹ اس مخصوص ڈسٹرکٹ کے دائرہ اختیار میں آتا ہوا اور وہ برآمد، درآمد یا کسی بھی تجارت اور پیداوار سے منسلک ہو اور انکم ٹیکس ادا کرتا ہو۔

## ممبرشپ کے درجات:

چیمبر مختلف اقسام کے ممبران جو کہ ان کی ضروریات پر منحصر ہے، عام طور پر مختلف چیمبروں کی ایک جیسی رکنیت فیس ہے جو کہ ممبران سے سالانہ وصول کی جاتی ہے۔ رکنیت کے درجات اور مردان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں رائج فیسیں درج ذیل ہیں۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل معلومات مردان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ویب سائٹ http://www.mardancci.com پر ہر وقت Updated مل سکتی ہیں۔

### 1۔ کارپوریٹ کلاس:

اس درجہ میں بڑی صنعتی اور کاروباری تنظیمیں، مختلف ادارے اور تعلیمی تنظیمیں جن کا کل ادا شدہ سرمایہ نا محفوظ کردہ رقم 50 ملین روپے ہو اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن بھی ہو رکنیت حاصل کر سکتی ہیں ان کی رکنیت فیس -/8000 روپے ہوتی ہے۔ انہیں اپنے کاروبار کی ترقی کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ کارپوریٹ کلاس کے ممبران کو خصوصی مراعات حاصل ہوتی ہیں جن کی بنا پر وہ چیمبر کی مدد سے اپنی کمپنی، برانڈز، پروڈکٹس اور خدمات کو فروغ دے سکتے ہیں۔

2- **ایسوسی ایٹ کلاس:**

اس درجہ میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار جن کا کل سرمایہ چیمبر کلاس کے معیار سے کم ہو یعنی 50 ملین نہ ہو کی رکنیت کی جاتی ہے۔ ان کی سالانہ رکنیت فیس -/3500 روپے ہے۔ ان ممبران کو اپنی برانڈز، پراڈکٹس اور خدمات کو فروغ دینے کے لیے محدود اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

**ممبر شپ کی خدمات:**

چیمبر کا بنیادی کام تجارت، کامرس اور صنعت کے مفادات کی پاکستان میں بین الاقوامی سطح پر حفاظت کرنا اور فروغ دینا ہے۔ چیمبر نجی کمپنیوں کو ترقی دینے کے لیے بہت محنت کرتا ہے تاکہ وہ ملک کی معاشرتی و معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ عموی طور پر چیمبر کو اپنے ممبران کو مندرجہ ذیل خدمات فراہم کرنے کے اختیارات ہیں۔

- ☆ درآمدی و برآمدی مال (Import & Export) کے آغاز کے لیے سرٹیفیکیٹ کا اجرا، درآمدی و برآمدی مال کے نقطہ آغاز (Origin) سے متعلقہ سرٹیفیکیٹ کا اجرا۔
- ☆ ویزا اور پاسپورٹ کے لیے سفارش کردہ خطوط۔
- ☆ چیمبر کی سفارشات پر زرمبادلہ کا اجراء کیا جاتا ہے۔
- ☆ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر منظم تجارتی میلوں کے ذریعے برآمدات کا فروغ۔
- ☆ تنظیمی سیمینار، تربیتی کورس اور مختلف موضوعات پر سیمینار تاکہ نجی سرمایہ داری کو فروغ دیا جاسکے۔
- ☆ وزارتوں اور حکومتی محکموں کو تجارتی وصنعت کے مسائل کے بارے میں صورت حال سے آگاہی فراہم کرنا۔
- ☆ بیرون ملک کے وفود، اعلیٰ حکام اور سیاسی افراد جو کہ چیمبر کا دورہ کرے اُن سے باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کرنا۔
- ☆ کاروباری کمیونٹی کے فائدے کے لیے تجارتی معلومات مطبوعات، شماریات مجموعات اور دوسری مطبوعات کی اشاعت کرنا۔
- ☆ رکنیت کے ریکارڈ کو برقرار رکھنا تاکہ جمع کردہ معلومات اور تنظیمی ممبران کے ریکارڈ کو ایک مستند اور مربوط حوالے کے طور پر ضرورت کے وقت مہیا کیا جاسکے۔
- ☆ ممبر شپ کے کارڈز کا اجراء جو مختلف ایجنسیوں کے لیے ممبران کے تعارف کے لیے ایک ذریعے کے طور پر کام کرتے ہیں (اس کارڈ کو پوری دنیا کی تنظیمیں تسلیم کرتی ہیں)۔
- ☆ ایک درجاتی ڈائریکٹری مرتب کرنا اور ممبران کی لسٹ جو کہ ممبران کے اسبابت تجارت کے لحاظ سے بنائی گئی ہو کر مرتب کرنا۔ اس ڈائریکٹری کو پوری دنیا میں بھیجا جاتا ہے۔ جو اس چیمبر کے ممبران کے کاروبار کے فروغ کا ذریعہ بنتا ہے۔
- ☆ طبقاتی اور حوالہ جاتی رپورٹوں کا اجراء کیونکہ یہ چند غیر ملکی سفارت خانوں کی ضرورت ہوتی ہیں ان رپورٹوں کو بہت اہمیت دی جاتی ہے اور یہ ممبران کے کاروبار کے فروغ میں معاون ہوتے ہیں۔

ایوان صنعت و تجارت مردان

# Mardan Chamber of Commerce & Industry

Company Registered Vide no 0049066(GCN2616) Under Section 32 of The Companies Ordinance 1984 (XLVII of 1984)
AFFILIATED WITH FEDERATION OF PAKISTAN CHAMBERS OF COMMERCE & INDSTRY

## چیمبر اپنے مقاصد کو جلد حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل چیزوں پر کام کرنے کی منصوبہ بندی کر رہاھے۔

☆ حکومت کے سامنے اپنے ممبران کے خیالات پہچانے کے لیے موئثر رابطہ بنانا تا کہ درست منصوبہ بندی بنائی جا سکے اور تجارت وصنعت میں ترقی کو تیز کیا جا سکے۔

☆ کاروباری کمیونٹی اور حکومت کے درمیان رابطے کا کام کرنا تا کہ باہمی شراکت داری کے جذبے کو ہوا دے کر ان کی مشکلات حل کیجا سکیں۔

☆ ریسرچ کے ذریعے معلومات، مجموعات اور رہنما اصول ان حکومتی پالیسیوں پر جو کہ ٹیکس، تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق ہیں ممبران کو بروقت فراہم کرنا۔

☆ سرمایہ کاری کرنے، برآمدات اور کامرس وصنعت کی ترقی کی فروع میں مدد دینا۔

☆ سیمینار کروانا اور ایسا ماحول مہیا کرنا جو تجارتی میلوں اور نمائشوں، بیرون ممالک تجارتی دوروں میں شمولیت کی رسائی دے سکے اور چیمبر کا دورہ کرنے والے وفود کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلق مہیا کرنا۔

☆ چیمبر میں ایک تعاون کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کرنا اور اس کے ملازمین کو تربیت دینا تا کہ ان کی اہلیت اور قوتِ تحریک میں اضافہ کیا جا سکے۔

☆ روپیہ لگانے، برآمد اور کامرس وصنعت کی ترقی کے فروغ میں مدد دینا۔

☆ علاقائی پراڈکٹس کو ملکی اور غیر ملکی سطح پر متعارف کرنے کے لئے مختلف قسم کے پروگرامز، سیمنارز اور ورکشاپس کا انعقاد کرنا۔

Chamber House, Aiwan-e-Sanat-o-Tijarat RoadCollege Chowk Mardan (KPK) Pakistan.
Function Under Trader Organization Act / Rule 2013 Ministry Of Commerce, & Government Of Pakistan
E-mail: mrd_chamber@yahoo.com, mardancci@gmail.com, URL: www.mardancci.com
Tel: +92-937-9230215-13 Fax: +92-937-9230214